© rasailojaraid.com



# اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کا ماہانہ اجلاس

اہل حدیث کے صرف دو اصول ہیں: "اَطِیعُوا اللّٰہَ وَاَطِیعُوا الرَّسُولَ!" ـــــ اس کی تفصیل کے طور پر بڑے عالمانہ خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب امیر محترم علامہ محمد مدنی رئیس جامعہ علوم اثریہ جہلم نے اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے ماہانہ اجلاس منعقدہ ۵ جولائی بروز جمعۃ المبارک بعد نمازِ عصر) سے خطاب کے دوران کیا۔ نوجوانوں کی تربیت کے سلسلہ میں مدنی صاحب نے فرمایا کہ ہماری اولین ترجیح یہ ہے کہ آج کا نوجوان دینِ اسلام کی اشاعت کے لیے اپنے شب و روز وقف کر دے۔

اس سے قبل پروگرام کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، مدیر الجامعہ جناب حافظ عبدالحمید صاحب عامر نے افتتاحی کلمات میں نوجوانوں کی تربیت کے سلسلہ میں جسمانی و روحانی طہارت پر سیر حاصل روشنی ڈالی۔ بعد ازاں آپ نے اجلاس کے مہمانِ خصوصی علامہ شمشاد احمد سلفی صاحب کو دعوتِ خطاب دی۔ سلفی صاحب نے مسلک اہل حدیث کی حقانیت پر عالمانہ، محققانہ، تاریخی خطاب فرمایا۔ آپ نے اپنے خطاب میں اس حقیقت کو واضح دلائل سے اجاگر کیا کہ برصغیر پاک و ہند میں اسلام کی اشاعت صحابہ کرام رضی کی مثالی کاوشوں اور محنتوں کا نتیجہ ہے، اور لوگوں میں مشہور اس بات کی سختی سے تردید کی کہ برصغیر میں اسلام صوفیائے کرام کی تبلیغ کے ذریعہ پھیلا ـــــ سلفی صاحب نے جامعہ کے طلباء اور اہل حدیث یوتھ فورس کے نوجوانوں کی تربیت نیز علم و عمل پر خاصا زور دیا اور فرمایا کہ اس کے لیے کتاب و سنت پر مبنی لٹریچر کا مطالعہ نہایت ضروری ہے ـــــ آپ کے خطاب سے عوام الناس کی کثیر تعداد انتہائی محظوظ ہوئی۔ اجلاس سے حافظ حبیب الرحمان صاحب خطیب برطانیہ نے بھی خطاب فرمایا، آپ کا خطاب انتہائی علمی اور محققانہ تھا ـــــ

آخر میں علامہ محمد مدنی صاحب نے خطبہ صدارت ارشاد فرمایا، حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور آئندہ پروگرام کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ ۵ ستمبر کو جہلم شہر میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر ایک عظیم الشان جلسہ کا انعقاد عمل میں لایا جا رہا ہے، جس میں جمعیت اہل حدیث پاکستان کے مرکزی قائدین میاں جمیل صاحب اور مناظرِ اسلام مولانا شمشاد احمد سلفی بھی تشریف لائیں گے، لہٰذا احباب ذوق و شوق سے اس پروگرام میں شامل ہو کر اسے رونق بخشیں ـــــ علامہ محمد مدنی صاحب کی دعائے خیر پر یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

© rasailojaraid.com